لگا کر محفوظ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ان نسخوں کے بارے میں یہ تاثر ہے کہ یمن کے اب تک کے دریافت شدہ نسخوں میں یہ قرآنی نسخے سب سے قدیم ہیں۔ چند مہینے قبل ایک غار میں بھی ایک شخص کو قرآن مجید کا قدیم نسخہ ملا تھا جو اس کی ملکیت میں ہے اور خطیر معاوضہ کی پیش کش کے باوجود ابھی تک اس نے اسے اپنے سے جدا کرنے پر آمادگی نہیں ظاہر کی ہے۔ تفصیلی رپورٹ البیان اور العربیہ روزنامہ میں شائع ہوئی ہے۔ (معارف، مارچ ۲۰۱۳ء)

قرآنی مخطوطات کی دریافت

ترکی کے علاقہ "ارزورم" میں کھدائی کے دوران قرآن مجید کے ایسے مخطوطات دریافت ہوئے ہیں جن کا وزن ۳۷ کلو گرام ہے اور کتابت آب زر سے کی گئی ہے، اتاترک یونیورسٹی کے پروفیسر مخطوطات ڈاکٹر خلدون کا بیان ہے کہ یہ قرآنی مخطوطات پندرہویں صدی عیسوی کے ہیں۔ کاتبوں کے نام معلوم نہ ہو سکے، یہ بھی صراحت نہیں ہے کہ یہ مخطوطات کاغذ کے ہیں یا پتھر اور لوہے کی سلوں والے ہیں۔ (معارف، جنوری ۲۰۱۳ء)

کل ہند مسابقۂ حفظ وقرأت

ایران کلچر ہاؤس نئی دہلی میں منعقدہ ۱۳واں کل ہند مسابقۂ حفظ وقرأت قرآن کریم کا اختتامیہ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔ اس کل ہند مسابقہ میں تقریباً ۱۵۰ حفاظ وقراء کرام نے ہندوستان کے پندرہ صوبوں سے شرکت کی۔ دوروزہ مسابقہ میں حفظ کے زمرے میں حافظ سید محمد کاشف بلند شہر نے اول مقام حاصل کیا جب کہ حامد مختار نے دہلی سے دوم اور مجتبیٰ حسین رامپور نے سوم مقام حاصل کیے۔ اس طرح زمرۂ قرأت میں قاری فرحت سلطان رامپور نے اول مقام حاصل کیا جب کہ قاری محمد انعام اللہ میرٹھ نے دوم اور قاری محمد ثاقب دیوبند نے سوم مقام حاصل کیے۔ اس موقع پر آقای مہدی مہدوی پور سفیر ایران غلام رضا انصاری، ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد و دیگر اہم شخصیات کے دست مبارک سے توصیفی سند، نقد انعام اور دیگر ہدایا سے نوازا گیا۔ اس موقع پر ایران کلچرل ہاؤس میں میلاد النبیؐ اور ہفتہ وحدت مسلمین کی مناسبت سے شاندار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ (عالمی سہارا، نئی دہلی، ۹ر فروری ۲۰۱۳ء)